Fikr-o-Nasar (Islamabad) 17:7 (1980) © rasailojaraid.com



نام کتاب :- تحریک علیگڑھ اور حیدر آباد دکن ۔

مصنف :- محمد حسام الدین غوری ۔

ملنے کا پتہ :- دارالادب ۔ ۸۰۱ پیر الٰہی بخش کالونی ۔ کراچی ۔ ۵

قیمت :- ۲۰ روپے ۔

جیسا کہ کتاب کے نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں ریاست حیدر آباد (دکن) نے علیگڑھ تحریک میں جو نمایاں اور ممتاز حصہ لیا ہے اس پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے۔ کتاب کا پیش لفظ مشتاق احمد خان صاحب نے لکھا ہے جو پاکستان میں حیدر آباد (دکن) کے ایجنٹ جنرل تھے۔ وہ لکھتے ہیں "اس حقیقت کو تسلیم کرنے کے بعد یہ بھی ماننا پڑتا ہے کہ اس تحریک کو جو پاکستان کی خشت اوّل تھی پروان چڑھانے میں جن عناصر نے مؤثر کردار ادا کیا ہے ان میں حیدر آباد کا نام سرفہرست ہے"۔ کتاب میں تحریک علیگڑھ کی چند اہم شخصیتوں کا ذکر کیا گیا ہے جن کا تعلق حیدر آباد دکن سے رہا ہے۔ ان میں محسن الملک، وقار الملک، شبلی نعمانی، حالی، نذیر احمد دہلوی، مولوی عزیز مرزا، نواب عماد الملک ڈاکٹر سید علی بلگرامی، چراغ علی، وحید الدین سلیم، علامہ عبداللہ یوسف علی خاص طور پر قابل ذکر ہیں ان حضرات کی علمی خدمات حیدر آباد (دکن) کی مرہون منت تھیں اور ان سب نے علیگڑھ تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

باب "تحریک علیگڑھ کا ارتقا" کے تحت مصنف نے ان گرانقدر رقمی عطیات کا تذکرہ کیا ہے جو سلطنت آصفیہ حیدر آباد (دکن) کی طرف اور اس کے امراء اور اعیان سلطنت کی طرف سے علیگڑھ کو دی گئیں۔ خصوصاً جب علیگڑھ کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کی کوشش جاری تھی اس وقت فرمانروائے دکن نے یونیورسٹی کے مطلوبہ سرمایہ کا تقریباً ایک ربع حصہ یعنی پانچ لاکھ روپیہ نقد عطا فرمایا اور چارٹر ملنے پر بارہ ہزار روپے سالانہ کی مزید امداد منظور کی پھر ۱۹۲۵ء میں اعلیٰحضرت فرمانروائے دکن نے علیگڑھ مسلم یونیورسٹی کے چانسلر (امیر جامعہ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بننے کی درخواست منظور فرمائی اور اس طرح قانونی طور پر یونیورسٹی فرمانروائے دکن کے سایہ عاطفت میں آگئی۔ کتاب کے ایک باب میں علیگڑھ کالج میں حیدرآبادی طلباء کا تعارف کرایا گیا ہے۔ کتاب کا ایک باب "تحریک علیگڑھ اور بہادر یار جنگ" پر ہے۔ اس باب میں مصنف لکھتے ہیں "حیدرآباد (دکن) کے جن اکابرین نے تحریک علیگڑھ کو پروان چڑھانے اور مسلم یونیورسٹی کے قیام و استحکام میں بھرپور حصہ لیا ان میں نواب بہادر یار جنگ کو بھی امتیازی مقام حاصل ہے"۔ آخری باب مشاہیر پاک و ہند کا اعتراف" کے عنوان پر ہے۔ اس میں حالی، علامہ عبداللہ یوسف علی سید الطاف بریلوی ڈاکٹر معین الدین عقیل۔ مشتاق احمد خان اور چودھری خلیق الزمان کے ارشادات درج ہیں۔ چودھری صاحب کا ارشاد ہے" ہم کہتے ہیں کہ علیگڑھ نہ ہوتا تو پاکستان نہ بنتا مگر یہ بھی سوچا کہ علیگڑھ چلتا کیسے تھا نظام کی اعانت سے چلتا تھا تو ظاہر ہے حیدرآباد نہ ہوتا تو علیگڑھ نہ ہوتا۔"

کتاب دلچسپ مفید اور پر از معلومات ہے۔ طباعت و کتابت دیدہ زیب ہے۔

محمد مظہر الدین صدیقی

---

© rasailojaraid.com